نائی

میٹھی میٹھی بات بناوے ایسا پرکھ وہ کس کو بھاوے
بوڑھا بالا جو کوئی آئے اُس کے آگے سیس نوائے

نتھ

ناری میں ناری بسے ناری میں نر دوئے
دونر میں ناری بسے بوجھے برلا کوئے

نگینہ

ایک نار دکھن سے آئی ہے وہ نر اور نار کہائی
کالا منہ کر جگ دکھلاوے موئے مرے جب واکو یاد

ایضاً

لال رنگ وہ چیٹا چیٹا منہ کو کرکے کالا
تھوک لگا کر داب دیا جب خصم کا نام نکالا

کہہ مکریاں

آم

برسا برس وہ دیس میں آوے　　مُنہ سے منہ لگا رس پیاوے
وا خاطر میں خرچے دام　　اے سکھی ساجن نا سکھی آم

انجن

سو بہا سدا بڑھاون ہارا　　انکھیں تے چھن ہوت نیارا
آئے پھر میرے من کو رنجن　　اے سکھی ساجن نا سکھی انجن

انگیا

کسکے چھاتی پکڑے رہے　　مُنہ سے بولے نہ بات کہے
ایسا ہی کامن کا رنگیا　　اے سکھی ساجن نا سکھی انگیا

بال

بن میں رہیں وہ ترچھے کھڑے　　دیکھ سکھی میرے پیچھے پڑے
اُن بن میرا کون حوال　　اے سکھی ساجن نا سکھی بال

بُخار

میں پڑی تھی اچانک چڑھ آیو　　جب اُترو تو پسینہ آیو
سہم گئی مکھ سے نکسی نہ پُکار　　اے سکھی ساجن نا سکھی بخار

بندر

آنکھ چلاوے بھوں مٹکاوے　　ناچ کود کے کھیل کھلاوے
مَن میں آوے لیجاؤں اندر　　اے سکھی ساجن نا سکھی بندر

ایضاً

اُچھل کود کے وہ جو آیا　　دھر اُدھکا سبھی کچھ کھایا
دوڑ جھپٹ جا بیٹھا اندر　　اے سکھی ساجن نا سکھی بندر

ایضاً

چھوٹا موٹا ادھک سوہانا　　جو دیکھے سو ہوئے دیوانہ
کبھی وہ باہر کبھی وہ اندر　　اے سکھی ساجن نا سکھی بندر

بھنگ

سبج رنگ مہدی پر دھاوے　　کرچھوت نینن چڑھ آوے
میٹھت اُٹھت مڑوڑت انگ　　اے سکھی ساجن نا سکھی بھنگ

ایضاً

ہرا رنگ موہے لاگت نیکو　　وا بن جگ لاگت ہی پھیکو
اُترت چڑہت مڑوڑت انگ　　اے سکھی ساجن نا سکھی بھنگ

ایضاً

واکو رگڑا نیکو لاگے　　چڑھے جوبن پہ مجا دکھاوے
اُترت مُنھ کا پھیکا رنگ　　اے سکھی ساجن نا سکھی بھنگ

پان

نت میری کہا تر بجا رے آوے — کرے سنگار تب جو ما پاوے
من بگڑی ندی را لکھت مان — اے سکھی ساجن نا سکھی پان

ایضاً

بن ٹھن کے سنگار کرے — دھر منھ پر منھ پیار کرے
پیار سے موپے دیت ہی جان — اے سکھی ساجن نا سکھی پان

پانی

وا بن مو کو چین نہ آوے — وہ میری تِس آن بجھاوے
ہی وہ سب گن بارہ بانی — اے سکھی ساجن نا سکھی پانی

پنکھا

آپ ہلے اور موہے ہلاوے — واکا ہلنا مورے من بھاوے
ہِل ہِل کے وہ ہوا نسنکھا — اے سکھی ساجن نا سکھی پنکھا

ایضاً

چھٹی چھپاتے مورے گھر آوے — آپ ہلے اور موہے ہلاوے
نام لیت موہے آوت سنکھا — اے سکھی ساجن نا سکھی پنکھا

پَون

رات دِنا جا کو ہے گون — کھلی دوارا آوے بھون
واکا ہر اک بتاوے کون — اے سکھی ساجن نا سکھی پون

پیسہ

ہاٹ چلت موہے پڑا جو پایا　　کھوٹا کھرا میں نا پرکھایا
ناجانوں وہ ہے گا کیسا　　اے سکھی ساجن نا سکھی پیسا

تارا

رات سمے وہ میرے آوے　　بھور بھئے وہ گھر اُٹھ جاوے
یہ اچرج ہے سب سے نیارا　　اے سکھی ساجن نا سکھی تارا

تپ

مدہ بھر جو ہمیں دکھلاوے　　مکھت پہ میری چھاتی چڑھ آوے
چھوٹ گیو سب پوجا جپ　　اے سکھی ساجن نا سکھی تپ

توتا

گھر آویں مکھ پھیر دھریں　　دیں دہائی من کو ہریں
کبھو کرت ہیں میٹھے بین　　کبھو کرت ہیں روکھے نین
ایسا جگ میں کوؤ ہوتا　　اے سکھی ساجن نا سکھی توتا

ایضاً

سبج رنگ اور مکھ پر لالی　　اُس پریتم گل کنٹھی کالی
بھاؤ سبھاؤ جنگل میں ہوتا　　اے سکھی ساجن نا سکھی توتا

توتا

اتی سرنگ ہے رنگ رنگیلو — اور گنونت بہت چٹکیلو
رام بھجن بن کبھو نہ سوتا — اے سکھی ساجن نا سکھی توتا

تیل

لونڈی بھیج اُسے بلوایا — ننگی ہو کر میں لگوایا
ہم سے اُس سے ہو گیا میل — اے سکھی ساجن نا سکھی تیل

ٹیسو

سُرخ سفید ہے وا کا رنگ — سانجھ پہری ہیں وا کی سنگ
گلے میں کنٹھا سیاہ تھی گیسو — اے سکھی ساجن نا سکھی ٹیسو

جاڑا

جور بھروسے جوانی دکھادت — ہمک ہمک مو پہ چڑھو ہی آدت
پیٹ میں پاؤں دیدے مارا — اے سکھی ساجن نا سکھی جاڑا

ایضاً

لپٹ لپٹ کے واکے سوئی — چھاتی سے پاؤں لگا کے روئی
دانت سے دانت بجے تو تاڑا — اے سکھی ساجن نا سکھی جاڑا

خنجرا

زکام م۱۱

ٹپ ٹپ چوست تن کو رس — واسے ناہیں میرا بس

لٹ لٹ کے میں ہو گئی پنجرا   اے سکھی ساجن نا سکھی جنجرا

جوتا

ننگے پاؤں پھرن نہیں دیت   پاؤں سے مٹی لگن نہیں دیت
پاؤں کا چوما لیت پنوتا   اے سکھی ساجن نا سکھی جوتا

جوگی

دوا رے مورے الکھ جگاوے   بھبوت برہ کے انگ لگاوے
سینگی پھونکت پھرے بیو گی   اے سکھی ساجن نا سکھی جوگی

چاند

اونچی اٹاری پلنگ بچھایو   میں سوئی مرے سر پر آیو
کھل گئی انکھیاں بھئی انند   اے سکھی ساجن نا سکھی چند

ایضاً

نت میرے گھر وہ آوت ہے   رات گئے پھر جاوت ہے
ماوس ہنس جات کاہو گوری کو پھندا   اے سکھی ساجن نا سکھی چندا

چور

آدھی رات گئے آیو وہی یار   سب بھرن مرے تن کو اتار
اتنی میں سکھی ہو گئی بھور   اے سکھی ساجن نا سکھی چور

چوڑا

موکو تو ہاتھی کا بھاوے ۔۔۔ گھٹی بڑھی پہ موے نہ سہاوے
ڈھونڈھ ڈھانڈ کے لائی پورا ۔۔۔ کیوں سکھی ساجن ناسکھی چوڑا

ایضاً

انگوں موری لپٹائے ہے ۔۔۔ رنگ روپ کا سب رس پیئے
میں بھر جنم نہ واکو چھوڑا ۔۔۔ اے سکھی ساجن ناسکھی چوڑا

چوسر

سولہ بہریاں سیج پہ لاوے ۔۔۔ ہڈی سے ہڈی وہ کھٹکاوے
کھیلت ہی کھیل باجی بد کر ۔۔۔ اے سکھی ساجن ناسکھی چوسر

حقّہ

نہائے دھوئے سیج میری آیو ۔۔۔ لے چوما منہ سے منہ لگایو
ہوئی اتنی بات پہ تھکم تھکا ۔۔۔ اے سکھی ساجن ناسکھی حقّا

ایضاً

آپ جلے اور موے جلاوے ۔۔۔ پی پی کر مورا منہ بھر آوے
ایک میں اب ماروں گی مکّا ۔۔۔ اے سکھی ساجن ناسکھی حقّا

ایضاً

بڑ دسیا نو دم دے جائے ۔۔۔ منہ کی مری مٹھی لے جائے

ہردم باجی پہ ھتکم ھکا — اے سکھی ساجن نا سکھی حقّا
دم بازی ہے

دیا

رین پڑی جب گھر میں آوے — واکا آنا مو کو بھاوے
کر پردہ میں گھر میں لیا — اے سکھی ساجن نا سکھی دیا

ایضاً

ایک سجن وہ گھر اپیارا — جاسے گھر میرا اُجیارا
بھور بھئی تب بدا میں کیا — اے سکھی ساجن نا سکھی دیا

ایضاً

ساری رین موُرے سنگ ہی جاگا — بھور بھئی تب بچھڑن لاگا
واکے بچھڑت پھاٹے ہیا — اے سکھی ساجن نا سکھی دیا

ڈھول

وہ آوے تب شادی ہوئے — اُس بن دوجا اور نہ کوئے
میٹھے لاگیں واکے بول — اے سکھی ساجن نا سکھی ڈھول

راگ

ایک سجن میرے من کو بھاوے — جاسے مجلس کھری سہاوے
سوت سُنوں اُٹھ دوڑوں جاگ — اے سکھی ساجن نا سکھی راگ

رام (خدا)

بکھت بکھت موے وا کی آس رات دنا وہ رہوت پاس
میرے من کو کرت سب کام اے سکھی ساجن نہ سکھی رام

ایضاً

تن من دھن کا ہی وہ مالک وانے دیا مرے گو دیں بالک
وا سے نکست جی کو کام اے سکھی ساجن ناسکھی رام

روکھ (درخت)

دوارے مورے کھڑا رہے دھوپ چھاون سب سر پہ سہے
جب دیکھوں موری جاے بھوک اے سکھی ساجن ناسکھی روکھ

رومال

میرا منھ پوچھے مو کو پیار کرے گرمی لگے تو بیار کرے
ایسا چاہت سن یہ حال اے سکھی ساجن ناسکھی رومال

سپنا (خواب)

سیج پڑی مری آنکھیں آیا ڈال سیج مجھے مجا دکھایا
کس سے کہوں مجا میں اپنا اے سکھی ساجن ناسکھی سپنا

شمار

اکڑوں بیٹھ کے ہانپت ہے سو سو چکر کے گھاوت ہے

تب واکے رس کی کیا دیت بہار اے سکھی ساجن نا سکھی سُنار

سونا

ات سُندر جگ چاہے جاکو میں بھی دیکھ بھلانی واکو
دیکھت روپ بھایا جو ٹونا اے سکھی ساجن نا سکھی سونا

شیشہ

میرد مو سے سنگار کراوت ہے آگے بیٹھ مرا مان بڑھاوت ہے
واسے چکنا چکنیا مو کو ودسیا اے سکھی ساجن نا سکھی سیسا

کانٹا

باٹ چلت مورا اچرا گہے میری سنے نہ اپنی کہے
نا کچھ موسوں جھگڑا جھانٹا اے سکھی ساجن نا سکھی کانٹا

کتّا

دُر دُر کروں تو دوڑا آئے کھن انگن کھن باہر جائے
وہیل چھوڑ کہیں نہیں سُتّا کیوں سکھی ساجن نا سکھی کتّا

ایضاً

ٹٹی تو ڑگھر میں آیا ارتن برتن سب سرکایا
کھا گیا پی گیا دے گیا تبا اے سکھی ساجن نا سکھی کتا

کنگھی

واکی موکو نیک نہ لاج | میرے سب وہ کرت ہی کاج
موڑے موکو دیکھت ننگی | اے سکھی ساجن ناسکھی کنگھی

کیلا

آٹھ انگل کا ہی وہ اصلی | اُس کے ہڈی نہ اُس کے پسلی
لٹا دہاری گرو کا چیلا | اے سکھی ساجن ناسکھی کیلا

گانڈا (گنا)

دیکھن میں وہ گانٹھ گٹھیلا | چاکھن میں وہ ادیک رسیلا
مُکھ چوموں تو رس کا بھانڈا | اے سکھی ساجن ناسکھی گانڈا

گرمی

بسیاکھ میں میری ڈہک آوت ہے | موکو ننگو سیج پہ ڈارت ہی
نہ سووے نہ سوون دیت ادھمی | اے سکھی ساجن ناسکھی گرمی

گگری

چڑھ چھاتی پہ موکو لچاوت ہی | دھوئے ہاتھ مو پہ چڑھ آوت ہی
موکو سرم لگت دیکھت سب نگری | اے سکھی ساجن ناسکھی گگری

گھوڑا

دھمک چڑھے سدھ بدھ بسراوے | وابت جا نگ بہت سکھ پاوے

ات بلونت دنن کا تھوڑا — اے سکھی ساجن نا سکھی گھوڑا

لڑکا

ہمک ہمک پکڑے مری چھاتی — ہنس ہنس میں واکو کھیل کھلاتی
چونک پڑی جو پایو کھڑکا — اے سکھی ساجن نا سکھی لڑکا

ایضاً

ہنس ہنس میری آنگت کرے — میری چھاتی پکڑ خوشی من کرے
کبھی نہ واکو میں نے جھڑکا — اے سکھی ساجن نا سکھی لڑکا

لوٹا

جب مانگو جب جل بھر لاوے — مرے من کی سب بپت بجھاوے
من کا بھاری تن کا چھوٹا — اے سکھی ساجن نا سکھی لوٹا

لہنگا

دونوں اٹھا ٹانگن بیچ ڈالا — ناپ تول میں دیکھا بھالا
مول تول میں ہے گا مہنگا — اے سکھی ساجن نا سکھی لہنگا

مچھّر

جب مورے مندر ماں آوے — سوتے مجکو آن جگاوے
پڑھت پھرت وہ برہ کی اچھّر — اے سکھی ساجن نا سکھی مچھّر

مکھی

بیر بیر سوت سے جگاوے | ناجاگوں تو کاٹے کھاوے
بیاکل ہوئی میں بک بک | اے سکھی ساجن ناسکھی مکھی

موتی

دیکھت کی وہ گھڑی اجیاری | سب سنگری آتی ہیں پیاری
سگری رین ہیں سنگ لے سوتی | اے سکھی ساجن ناسکھی موتی

مور

نیلا کنٹھ پھرے ہرا | سیس مکٹ وہ ناچے کھڑا
دیکھ گھٹا وہ الاپے چور | اے سکھی ساجن ناسکھی مور

مینا

آٹھ پہر میری ڈھگ رہے | میٹھی پیاری باتیں کرے
سیام برن اور راتی نینا | اے سکھی ساجن ناسکھی مینا

مینھ

اُمنڈ گھمنڈ کر وہ جو آیا | اندر میں نے پلنگ بچھایا
میرا واکا لاگا نیہہ | اے سکھی ساجن ناسکھی مینھ

نتھ

مکھ میرا چومت دن رات | ہونٹن لگت کہت نہ بات

جاے میری جگت میں پت — اے سکھی ساجن نا سکھی نتھ

نون

سرب سلونا سب گن نیکا — وا بن سب جگ لاگے پھیکا
واکے سر پہ ہووے کون — اے سکھی ساجن نا سکھی نون

ہاتھی

ہالت جھومت نیکو لاگے — اپنے اوپر موے چڑھا وے
میں واکی وہ میرا ساتھی — اے سکھی ساجن نا سکھی ہاتھی

ایضاً

ایک تو ہی وہ دیہ کا کارو — چھوٹی نین صدا متوارو
وہ پیو میری سیج کا ساتھی — اے سکھی ساجن نا سکھی ہاتھی

ہار

سگری رین چھتین پر راکھا — رنگ روپ سب واکا چاکھا
بھور بھئی جب دیا اتار — اے سکھی ساجن نا سکھی ہار

دوسخنہ ہندی

روٹی جلی کیوں، گھوڑا اڑا کیوں، پان سڑا کیوں؟ جواب۔ پھیرا نہ تھا

انار کیوں نہ چکھا، وزیر کیوں نہ رکھا؟ جواب۔ دانا نہ تھا

گوشت کیوں نہ کھایا، ڈوم کیوں نہ گایا؟ جواب۔ گلا نہ تھا

گدھی کیوں جھنی، ردی کیوں ناگی؟ جواب۔ کھائی نہ تھی

سنبوسہ کیوں نہ کھایا، جوتا کیوں نہ چڑھایا؟ جواب۔ تلا نہ تھا

ککڑی کیوں چھوٹی، لکڑی کیوں ٹوٹی؟ جواب۔ بودی تھی

راجہ پیاسا کیوں، گدھا اُدلسا کیوں؟ جواب۔ لوٹا نہ تھا

کھچڑی کیوں نہ پکائی، کبوتری کیوں نہ اُڑائی؟ جواب۔ چھڑی نہ تھی

پوستی کیوں رویا، چوکیدار کیوں سویا؟ جواب۔ عمل نہ تھا

جوگی کیوں بھاگا، ڈھولکی کیوں نہ باجی؟ جواب۔ منڈھی نہ تھی

دہی کیوں نہ جما، نوکر کیوں نہ رکھا؟ جواب۔ ضامن نہ تھا

ستار کیوں نہ بجا، عورت کیوں نہ نہائی؟ جواب۔ پردہ نہ تھا

کیاری کیوں نہ بنائی، ڈومنی کیوں نہ گائی؟ جواب۔ بیل نہ تھی

پانی کیوں نہ بھرا، ہار کیوں نہ پہنا؟ جواب۔ گھڑا نہ تھا

دربار کیوں نہ گئے، زمین پر کیوں نہ بیٹھے؟ جواب چوکی نہ تھی

دیوار کیوں ٹوٹی، راہ کیوں لوٹی؟ جواب راج نہ تھا

کھانا کیوں نہ کھایا، جامہ کیوں نہ دھلوایا؟ جواب میل نہ تھا

جورو کیوں ماری، ایکھ کیوں اُجاڑی؟ جواب رس نہ تھا

روٹی کیوں سوکھی، بستی کیوں اُجڑی؟ جواب کھائی نہ تھی

گھر کیوں اندھیارا، فقیر کیوں بڈارا؟ جواب دیا نہ تھا

نسبتیں

حلوائی اور دکمٹی میں کیا نسبت ہے؟ جواب کندہ

حلوائی اور بزاز میں کیا نسبت ہے؟ جواب قند

گوٹے اور آفتاب میں کیا نسبت ہے؟ جواب کرن

گھوڑے اور حرفوں میں کیا نسبت ہے؟ جواب نکتہ (نقطہ)

جانور اور بندوق میں کیا نسبت ہے؟ جواب مکھی، گھوڑا، توتا، کتّا

بندوق اور کنوئیں میں کیا نسبت ہے؟ جواب کوٹھی

بزاز اور پھل میں کیا نسبت ہے؟ جواب کمرک

آم یا شلجم اور کپڑے میں کیا نسبت ہے؟ جواب جالی

گہنے اور درخت میں کیا نسبت ہے؟ جواب پتّا

آم اور زیور میں کیا نسبت ہی؟ جواب کیری

مکان اور اناج میں کیا نسبت ہی؟ جواب کنگنی

دریا اور گہنے میں کیا نسبت ہی؟ جواب مگر

مکان اور پائجامے میں کیا نسبت ہی؟ جواب موری

کپڑے اور دریا میں کیا نسبت ہی؟ جواب پاٹ

انگرکھے اور پیڑ میں کیا نسبت ہی؟ جواب کلیاں

آدمی اور گیہوں میں کیا نسبت ہی؟ جواب بال

بادشاہ اور مرغ میں کیا نسبت ہی؟ جواب تاج

مشک اور آدمی میں کیا نسبت ہی؟ جواب دہانہ

گھوڑے اور بزاز میں کیا نسبت ہی؟ جواب تھان۔ زین

دامن اور انگرکھے میں کیا نسبت ہی؟ جواب پرن

حلوائی اور پائجامے میں کیا نسبت ہی؟ جواب کندہ

مکان اور کپڑے میں کیا نسبت ہی؟ جواب لٹھا

دوسخنہ فارسی و ہندی

سوداگر بچہ راچہ می باید، بوچے کو کیا چاہیئے؟ جواب دوکان

قوتِ روح چیست، پیاری کو کب دیکھیئے؟ جواب۔ صدا۔سدا
آواز۔ ہمیشہ

بار برداری راچہ می باید، کلاونت کو کیا کہیئے؟ جواب۔گاؤ
بیل۔گاؤ بجاؤ

تشنہ راچہ می باید، ملاپ کو کیا چاہیئے؟ جواب۔چاہ
کنواں محبت

شکاری راچہ می باید، مسافر کو کیا چاہیئے؟ جواب دام
جال روپیہ پیسہ

شکار بہ چہ باید کرد، قوتِ مغز کو کیا چاہیئے؟ جواب بادام
جال سے میوہ

دعا چہ طور مستجاب شود، لشکر میں کون بیٹھے؟ جواب بازاری
عجز سے بازاری آدمی

کوہ چہ می دارد، مسافر کو کیا چاہیئے؟ جواب سنگ
پتھر۔ساتھ

درجہنم چیست، کامی کو کیا چاہیئے؟ جواب نار
آگ۔عورت

ازخدا چہ باید طلبید، برہمن کی کیا جاتی؟ جواب کام
مقصد خط نفسانی

درآئینہ چہ می بیند، دکھیا کو کیا نہ کہیئے؟ جواب رو
منہ گریہ وزاری

معشوق راچہ می باید کرد، ہندوں کا رکھ کون ہی؟ جواب رام
مطیع۔خدا

انملیاں یا ڈھکوسلا

دُال پکی کہ ننگا سو رہوں۔

کوٹھی بھری کلھاڑیاں تو حریرہ کر کے پی، بہت تا دل ہی تو چھپر سے منہ پونچھ۔

پیپل پکی پپولیاں جھڑ جھڑ پڑیں بیر، سر میں لگا کھٹاک سے وا لبے تیرے مٹھاس۔

بھینس چڑھی ٹبوری اور لپ لپ گولر کھائے اُتر یا میری رانڈ کی کہیں جی پڑنا پھٹ جائے۔

بھینس چڑھی ببول پر اور لپ لپ گولر کھائے، دُم اُٹھا کر دیکھا تو پورنماسی کے تین دن۔

گوری کی نیناں ایسی بڑی جیسے بیل کے سینگ۔

کھیر[1] پکائی جتن سے اور چرخا دیا جلا آیا کتا کھا گیا تو بیٹھی ڈھول بجا

لا پانی پلا

اودِھوں[2] کی چوپہری باجے چموکی اٹھر باہر کا کوئی آئے ناہیں آئیں سارے شہری

صاف صوف کر آگے رکھے جائیں نا ہیں تو سِل اوڑن کے جھان سینک سما دی چموکوں موسل

---

[1] قصہ مقدمہ میں مذکور ہوا ہے

ف بھادوں پکی پیپلی، جھڑ جھڑ پڑے کپاس، بی مہترانی دال پکاؤ گی یا ننگا ہی سو رہوں۔

چیستان فارسی

ابر

چیست آں جانور کہ جانش نیست | خندہا می کند دہانش نیست
گریہا می کند ندارد چشم | نعرہا می زند زبانش نیست

ازاربند

چیست مارے کہ آں دو سر دارد | در دو سوراخ سر بدر آرد
ہر کہ بکشاید ایں معما را | دانم از عاشقی خبر دارد

اسپ

اشتر کلنگ بے دُم | نے جو خورد نہ گندم
آب بے خورد ز دریا | فیضش رسد بمردم

انبہ

کودکے دیدم عجب در کشور ہندوستاں | پوستش بر موئے باشد موئے دبر استخواں

بادنجان

چیست آں چیز کہ با برگ گیاہی دارد | جامۂ سوسنی و سبز کلاہے دارد
سینہ اش چاک نمایند سرش را برند | حیرت ایں ست چہ بیچارہ گناہی دارد

بھٹا

پیر مردے لطیف ریش سفید
کردہ دندانِ سُرخ چوں گلنار
ہفت کرتہ بدار داو برتن
با یکے کرتہ میدہد دہ دینار

پاپڑ

رنگش چو رنگِ زعفران
بریاں چو جانِ عاشقاں
پا دارد و پر ہم بداں
جاناں بگو ایں چیستاں

ترازو

یکے اسپے عجب دیدم کہ شش پا و دو دُم دارد
عجائب ترا زیں بشنو میانِ پشت دُم دارد

تربُز

آں چیست کہ روز می نماید سبز گوں
صد پاں تنش ولے بیک پای نگوں
گر دست زنی بروز اندان برش
ہمچوں دلِ عاشقاں ہمی ریزد خوں

تسبیح

آں چیست دہن ہزار دارد
در ہر دہنے دو مار دارد
شاہ است نشستہ بر سرِ تخت
آں در ہمہ در شمار دارد

تمباکو

چیست آں برگے کہ بعد از سوختن گل میشود
دود او اندر ہوا پیچیدہ سنبل میشود

تیر

عجب یک جانور دیدم دہاں بالائے سردارد
بپائش کفشِ فولادی بردے خود سپر دارد

تیغہ

کیست او کز زباں جہاں گیرد　　گردنش دست خسرواں گیرد

جھاڑو

فرخ آں خادم کمر بستہ　　یک تن ست و ہزار سر دارد
سرِ خدمت بر آستان نہد　　از رخش خاکِ راہ بردارد

چراغ

نہنگے دیدم اندر قعرِ دریا　　گرفتہ در دہاں یک دانہ گوہر
عجب آں ست او را خود شکم نیست　　ولیکن میخورد دریا سراسر

ایضاً

واقفی از دے کہ باشد درمیانِ ناوداں
مارِ سیمیں حلقہ کردہ مرغِ زریں در دہاں
آب گشتہ قوتِ مار و مار گشتہ قوتِ مرغ
مار گر بے آب گردد مرغ میرد در زماں

ایضاً

عجائب صورتے در شام دیدم — اگر گویم کسے باور ندارد
درختے بر سرش لوحی پر از آب — در آں مارے کہ ذنب و سر ندارد

ایضاً

گلے دیدم کہ او بے خار باشد — نہ در صحرا نہ در گلزار باشد
کسے او را خرید و نے فروشد — ولے در تختۂ بازار باشد

چرخی

طرفہ چیزیست کاں ہمیشہ بود — از سحر تا بشام در نالہ
انگند از دہاں ہر ساعت — یکطرف برف یکطرف ژالہ

چشم

جفتے ز کبوترانِ ابلق — ہستند جدا جدا معلّق
پرّند و بچرخ جا نمایند — وز خانۂ خود بروں نیایند

(یعنی پرواز بآسمان نمایند)

ایضاً

چیست آں گل کہ در چمن نہ بود — یاسمن شکل و یاسمن نہ بود
شگفد روز و شب شود غنچہ — قائلِ ایں بغیر من نہ بود

چکئی

چیست آں رنگین نگارِ با صفا — دور می سازند و باز آید بجا

ایں عجائب دیدم وحیراں شدم — از کمر بستند او را بے گنا

چوسر

واحدست آں درخت دشاخش چار — میوه ہر شاخ رنگ رنگ شمار
گاہ باشد کہ آں شود پختہ — پختہ را خام می کند ہشیار

حقہ

لعبتے چیست آں حسیر مثال — آتشِ شوق سر زدن بخیال
عاشقاں منتظر بمقدمِ او — آں بصد ناز میرسد بوصال
حرفہائے لطیف میگوید — گر بپرسد کسے از واحوال
چوں کسے ہمدمی کند باآں — غم نماند بدل کسے مہ وسال

ایضاً

بوالعجب دیدم عجائب تر — آب در زیر آتش بر سر

حلق کاکوّا

پرندار و پرنده اش خوانند — سرخ رنگ و سیاه میدانند

حنا

آں چیست کزوحسن نہیت افزوں گردد — اندر کف مہوشانِ موزوں گردد
سبز ست تنش گر رسد آب باد — چوں آب باو رسد ہمہ خوں گردد

خارپشت

خار بر فرق و پشت جائے پا — سر بسر دست لیک بیں او را